# Telephone Conversation between PM and Prime Minister of Japan

April 10, 2020

---------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم نریندر مودی اور جاپان کے وزیر اعظم کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

10 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج جاپان کے وزیر اعظم عالی جناب شنزو آبے سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض سے پیدا ہونے والے عالمی صحت اور معاشی چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بحران سے نمٹنے کے لئے اپنے اپنے ممالک میں اٹھائے گئے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اپنے اپنے علاقوں میں موجود ایک دوسرے کے شہریوں کو موجودہ بحران کے دوران فراہم کردہ مدد اور سہولت کو سراہتے ہوئے اس طرح کے کوآرڈینیشن کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ہندوستان اور جاپان کی شراکت داری وبائی مرض سے پیدا ہونے والے چیلنجوں کا حل تلاش کرنے میں دنیا کو مدد کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

**نئی دہلی**

**10 اپریل، 2020**

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.